# مفوضات

برائے

## بی ایڈ (فاصلاتی تعلیم)

سمسٹر اول (2020 بیچ)

پروگرام کو آرڈی نیٹر

ڈاکٹر نجم السحر

اسوشی ایٹ پروفیسر (تعلیم)

## نظامت فاصلاتی تعلیم

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، گچی باؤلی، حیدرآباد

# عام ہدایات

1. اس کتابچے(Booklet) میں بی ایڈ(فاصلاتی تعلیم) سمسٹر اول کے طلبا کے لیے تمام مضامین کے مفوضات کے علاوہ ورک شاپ پر مبنی سرگرمیاں اور اسکول پر مبنی سرگرمیاں بھی پیش کی جارہی ہیں۔
2. ہر مضمون کے تحت تین مفوضات دیے گئے ہیں اور ان کے نمبرات قوسین میں درج کیے گئے ہیں۔
3. کورس کوڈ101CCT،102CCT اور 103CCT کی مفوضات ہر طالب علم کے لیے لازمی ہیں۔
4. کورس کوڈ101DST،102DST،103DST،111DST،112DST،113 DST اور114 DST میں سے طالب علم اپنے منتخب دو طریقِ تدریس کی مفوضات مکمل کریں۔
5. تمام مفوضات اور سرگرمیوں کے ریکارڈ30 / اپریل 2021 تک اپنے متعلقہ سنٹر کو آرڈی نیٹر کے پاس ذاتی طور پر جمع کریں یا بذریعہ پوسٹ ارسال کریں۔
6. آخری تاریخ گزرنے کے بعد کوئی بھی مفوضہ قبول نہیں کیا جائے گا۔
7. ہر طالب علم کو چاہیے کہ اپنے تمام مفوضات کی نقلیں (Photocopies)اپنے پاس رکھیں۔

# مفوضات برائے بی ایڈ (فاصلاتی تعلیم)

## سمسٹر اول (2020 بیچ)

## Assignment for B Ed. (Distance Education)

First Semester (2020 Batch)

**ہدایات:**

ذیل میں ہر مضمون کے تحت تین مفوضات دیے گئے ہیں، طلبا کے لیے لازمی ہے کہ وہ تمام مفوضات کو جامع انداز میں تحریر کریں اور معینہ تاریخ تک اپنے مرکز کے کو آرڈی نیٹر کے پاس جمع کریں۔ ہر سوال کے محاذی نمبرات قوسین میں دیے گئے ہیں۔

---

### کورس کوڈ۔B9ED101CCT

### تعلیم کی فلسفیانہ بنیادیں

1. "فلسفہ اور تعلیم ایک ہی سکے کے دو رُخ ہوتے ہیں۔" اس بیان پر مدلل بحث کیجیے۔(10)
2. وسطی دور میں تعلیم کی ہمہ گیریت اور اسلامی تعلیم کے موضوع کو تفصیل سے بیان کیجیے۔(10)
3. سری اروندو گھوش اور مہاتما گاندھی کے تعلیمی افکار کو پیش کرتے ہوئے ان کے افکار کے درمیان فرق و مماثلت کی نشاندہی کیجیے۔(10)

### کورس کوڈ۔B9ED102CCT

### متعلم کی نفسیات اور اکتساب

1. تعلیمی نفسیات کے تصور کو کسی دو تعریفوں کی روشنی میں واضح کیجیے۔ اساتذہ کے لیے تعلیمی نفسیات کی ضرورت اور اہمیت پر روشنی ڈالیے۔(10)
2. ماہرین نفسیات نے انسانی نمو اور نشو و نما کے مختلف مراحل کی درجہ بندی کس طرح کی؟ ان مراحل کی خصوصیات کو تفصیل سے بیان کیجیے۔(10)
3. اکتساب کی کوئی چار تعریفیں لکھیے۔ تھارن ڈائک کے پیش کردہ اصول کیا ہیں؟ ان اصولوں کا اطلاق آپ بحیثیت استاد کمرہ جماعت میں کس طرح کرتے ہیں؟ (10)

# Course Code-B9ED-103CCT

**Communicative English**

1. What are the linguistic features of a language? Explain. (**5**)

   or

   Write your resume in detail.

2. What are the different steps of making speeches and presentation? Write a speech on 'Maulana Azad as an Educationist'. (10)

   or

   What are the characteristics of an effective Notice? Explain in detail. Prepare a notice of Children's Day  Programme.(10)

## کورس کوڈ۔B9ED-101DST

**ریاضی کی تدریسیات**

1. ریاضی کے مفہوم، نوعیت اور خصوصیات کا تفصیلی جائزہ پیش کیجیے۔(10)
2. درج ذیل سائنس دانوں کی ریاضی کے تئیں اہم خدمات کا جائزہ لیجیے۔(10)
   i. اقلیدس
   ii. بھاسکر آچاریہ
   iii. آریہ بھٹ
3. ریاضی کے لحاظ سے تصور(Concept) کی اہمیت اور اس کی مختلف قسمیں بیان کیجیے۔ طلبا کو ریاضی کے تصورات سمجھانے کے لیے آپ کون سے طریقوں پر عمل کریں گے؟(10)

## کورس کوڈ-B9ED102DST

**حیاتیاتی سائنس کی تدریسیات**

1. سائنس کی ساخت سے کیا مراد ہے؟ سائنس بطور طریق عمل اور سائنس بطور حاصل عمل کا جائزہ پیش کیجیے۔(10)
2. حیاتیاتی سائنس میں درج ذیل سائنس دانوں کی خدمات پر نوٹ لکھیے:(10)
   i. گریگر جان مینڈل

ii. لوئی پاسچر

iii. ایم ایس سوامی ناتھن

3. حیاتیاتی سائنس کی تدریس کی اہم طرز رسائیاں(Approaches) کون سی ہیں؟ حیاتیاتی سائنس کی تدریس میں استخراجی طرز رسائی کے عمل اور اس کی خوبیوں اور خامیوں پر روشنی ڈالیے۔(10)

## کورس کوڈ-B9ED-103DST

### سماجی مطالعات کی تدریسیات

1. قومی تعلیمی پالیسی(1986)اور قومی درسیاتی خاکہ(NCF-2005)کی اہم سفارشات کو تفصیل سے بیان کیجیے۔(10)
2. کمیونٹی کی کوئی تین تعریفیں لکھیے۔ کمیونٹی کے وہ کون سے اہم وسائل ہیں جو سماجی مطالعات کی تدریس میں اساتذہ کے لیے معاون ہوتے ہیں؟(10)
3. سماجی علوم کے متنازعہ امور کی اہم قسمیں کون سی ہیں؟ سماجی علوم کے استاد کے لیے ان امور کے سلسلے میں کون سی احتیاطی تدبیریں ملحوظ رکھنی چاہییں؟(10)

## کورس کوڈ-B9ED-111DST

### اردو کی تدریسیات

1. اردو ادب کی اہم اصناف(نظم و نثر)پر مختصر نوٹ لکھیے۔(10)
2. کمرہ جماعت میں لسانی مہارتوں کے فروغ کے لیے آپ کون سی سرگرمیاں انجام دیں گے؟(10)
3. خُرد تدریس (Micro Teaching)سے کیا مراد ہے؟ خُرد تدریس کی خصوصیات اور اہم مہارتوں کے بارے میں لکھیے۔(10)

## कोर्स कोड-B9ED-112-DST

### हिंदी भाषा शिक्षण

1. अच्छे हिंदी शिक्षण की विशेषताओं पर उदाहरणों के साथ चर्चा कीजिए।(10)
2. शिक्षण के प्रशिक्षण के लिए सूक्ष्म-शिक्षण के महत्व पर प्रकाश डालते हुए इसकी आवश्यकता को बताएँ। (10)

3. बाल साहित्य को परिभाषित करते हुए हिंदी शिक्षण में इसके महत्व पर प्रकाश डालिए।(10)

## Course Code-B9ED-113DST

## Pedagogy of English

1. Write short notes on the following: (10)
   (i) Social Networking
   (ii) Phases of Teaching

2. Discuss the relevance of constitutional provisions and language policy of India in present context. (10)

3. What are the different methods and approaches of teaching English language? Which method/approach will you prefer as a teacher of English language? Justify. (10)

## کورس کوڈ۔B9ED-114DST

## طبیعیاتی سائنس کی تدریسیات

1. سائنس سے کیا مراد ہے؟ سائنس کی کوئی پانچ تعریفوں کی روشنی میں اس کے مفہوم کی وضاحت کیجیے۔ سائنس کی نوعیت، ماہیئت اور خصوصیات کا تفصیلی جائزہ پیش کیجیے۔(10)
2. درس و تدریس میں منصوبہ بندی کی کیا اہمیت ہے؟ اکائی منصوبہ اور سبق کے منصوبے کی ضرورت، اہمیت اور افادیت کو لکھیے۔ طبیعیاتی سائنس کی درسی کتاب سے کسی ایک اکائی کو منتخب کرتے ہوئے اس کا منصوبہ تیار کیجیے۔(10)
3. بلوم اور کرتھوال کے پیش کردہ تعلیمی مقاصد کی درجہ بندی کی تفصیل سے وضاحت کیجیے۔ طبیعیاتی سائنس کی ثانوی جماعت کی کسی درسی کتاب سے کسی ایک یونٹ کا انتخاب کرتے ہوئے اس کے تدریسی مقاصد لکھیے۔(10)

# ورک شاپ پر مبنی سرگرمیاں

## برائے سمسٹر اول (مارچ-2020)

(Workshop Based Activities-I)

## ہدایات

1۔ ذیل میں تین سرگرمیاں دی گئی ہیں۔ ان تمام سرگرمیوں کی تکمیل ہر طالب علم کے لیے لازمی ہے۔

2۔ ان سرگرمیوں کو مکمل کرنے کے بعد ان کی رپورٹ اپنے سنٹر کو آرڈی نیٹر کے پاس جمع کریں۔

3۔ ہر سرگرمی کے لیے متعینہ نمبرات قوسین میں دیے گئے ہیں۔ جملہ نمبرات:50

---

### سرگرمیاں

1. اپنے متعلقہ مضمون کی ثانوی جماعت کی کسی بھی درسی کتاب سے دو عنوانات منتخب کرتے ہوئے ان کے تخلیقی بنیاد پر منصوبہ سبق تیار کیجیے۔(20)
2. ثانوی جماعت کی کسی بھی اردو / ہندی / انگریزی کی درسی کتاب کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔(15)
3. درس و تدریس میں ڈراما کا کیا رول ہے اور موسیقی کی کیوں کر اہمیت ہوتی ہے؟ آپ طلبا کے لیے ثانوی جماعت کے کسی ایک عنوان کو لے کر ایک مختصر ڈراما تحریر کیجیے۔(15)

# اسکول پر مبنی سر گرمیاں

## برائے سمسٹر اول(2020بیچ)

(School Based Activities-I Semester (2020 Batch)

**ہدایات؛**

1۔ تمام سر گرمیوں کی تکمیل اور ان کی رپورٹ لکھنا ہر طالب علم کے لیے لازمی ہے۔

2۔ سر گرمیوں کو مکمل کرتے ہوئے ان کے ریکارڈ / رپورٹ اپنے متعلقہ سنٹر کو آرڈی نیٹر کے پاس متعینہ تاریخ تک جمع کریں۔

3۔ ہر سر گرمی کے لیے متعین کر دہ نمبرات قوسین میں دیے گئے ہیں۔جملہ نمبرات:50

---

## سر گرمیاں

1. اسکول میں آن لائن طرز پر طلبا کی حاضری کو ریکارڈ کرنے کے طریقِ عمل پر رپورٹ تیار کیجیے۔(25)
2. آپ کو بحیثیت استاد طلبا کو آن لائن سبق کی پیش کش کے دوران میں کون کون سی دشواریاں پیش آئیں؟ان پر ایک تفصیلی رپورٹ تیار کیجیے۔(25)